اکابر علماء ومشائخ اہل حدیث کو گالی گلوچ کرنے والے افراد کے متعلق

پاکستان بھر کے جید علمائے اہل حدیث کا مشترکہ بیانیہ

مولانا عمر صدیق صاحب اور ان کے رفقاء کی طرف سے کئی ایک بار یہ معاملہ ہو چکا ہے، کہ یہ لوگ آئے روز اسٹیجوں اور سوشل میڈیا پر اہل حدیث اکابر علماء پر لعن طعن اور گالی گلوچ کرتے ہیں۔ جیسا کہ عمر صدیق صاحب نے قبل ازیں جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے معزز اساتذہ بالخصوص شیخ الحدیث مولانا عبد العزیز علوی حفظہ اللہ کو 'چٹا چاٹا تے عقل دا گھاٹا' اور "مجھے تمھاری چھترول کرتے ہوئے شرم نہیں آتی" جیسے گھٹیا الفاظ سے مخاطب کیا اور ان پہ بے شرمی کا طعن کیا۔

اب کی بار بھی جب مسلکِ اہل حدیث میں مولانا عمر صدیق اور حافظ عبد الباسط شیخوپوری کی طرف سے حسینی اور یزیدی تفریق کا فتنہ شروع ہوا اور کسی شخصیت کو بھی ٹارگٹ کیے بغیر، جماعت کے اکابر علماء شیخ عبد الستار حماد، شیخ منیر قمر سیالکوٹی، شیخ مسعود عالم، شیخ شریف فیصل آبادی، شیخ غلام مصطفی امن پوری، شیخ جاوید اقبال سیالکوٹی سمیت ۴۰ کے قریب علماء ومشائخ اہل حدیث نے اس فتنے کی مذمت پر فتوی جاری کیا، تو اس بار انہوں نے سب حدیں کراس کر ڈالیں، علماء کی فتوی کمیٹی کو یزیدی لجنہ کہا، اکابر علماء کو ناصبی خبیث کہا، ان کے فتوے کو جوتے کی نوک پر کہا۔

بعد ازاں سر گودھا جا کر شیخ غلام مصطفی امن پوری کو 'حرام زادہ' اور حافظ ابو یحیی کو 'کنجر' تک کہہ ڈالا۔ اسی طرح مفتی عتیق الرحمن علوی صاحب کو ناصبی یزیدی کہا۔ مزید بر آں مفسرِ قران شیخ صلاح الدین یوسف رحمہ اللہ پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی توہین کی تہمت لگائی۔

اب دنیا جہان کا گالم گلوچ اور لعن طعن کرنے کے بعد حسبِ سابق اس دشنام طراز گروہ کے حمایتی افراد کی طرف سے صلح کی بات شروع ہو چکی ہے، اور اسے بعض افراد کی باہمی لڑائی کا رنگ دینے کی ناروا کوشش کی

ulamaweb.com UlamaWeb UlamaTube1 ulama_web info@ulamaweb.com +92 309 8280125

جارہی ہے، جبکہ یہ دو افراد کی لڑائی قطعا نہیں ہے، بلکہ مسلکِ اہل حدیث میں انحراف کی سازش اور علماء ومشائخ کو سیدھا گالیاں دینے کا معاملہ ہے۔

ہر دردِ دل رکھنے والا شخص چاہتا ہے کہ یہ اختلاف اور نزاع ختم ہو، اور عوام کے سامنے جو تماشا لگا ہوا ہے، اس فتنے کی آگ جلد از جلد ٹھنڈی ہو۔

لیکن افسوس کی بات ہے کہ اب تک اس قسم کی صلح کی جتنی کوششیں بھی ہوئی ہیں، وہ "مٹی پاؤ اور ڈنگ ٹپاؤ" پالیسی کی وجہ سے زیادہ دیر قائم نہیں رہ پاتیں۔

عمر صدیق صاحب ایک طرف توبہ واستغفار اور زبان بندی اور سیز فائر کا اقرار کر رہے ہوتے ہیں، اور دوسری طرف اس فتنے کو مزید ہوا دینے کا بندوبست فرمارہے ہوتے ہیں۔

اورالمیہ تو یہ ہے کہ جماعت کے بعض سرکردہ لوگ بھی سراو جہرا ان کی مختلف انداز سے حمایت کر رہے ہوتے ہیں، جس سے اس شخص کی پشت پناہی کا مضبوط تاثر پیدا ہوتا ہے، جیسا کہ ایک مرکزی رہنما کی آڈیو لیک ہوئی، جس میں وہ پہلے کسی وقت اسی گروہ کو حکم دے رہے ہیں کہ "مخالفین کو کھینچ کے رکھیں" اور اب بھی اس گروہ کے رویے سے ایسی پشت پناہی کا تاثر پیدا ہوا ہے. جب اندر کھاتے یہ سب معاملات جاری رہنے ہیں تو شاید صلح کا کوئی فائدہ نہیں ہے، ہاں البتہ اگر سب صلح کے لیے سنجیدہ ہیں، اسے مفید اور ثمر آور بنانا چاہتے ہیں، تاکہ آئندہ یہ فتنہ دوبارہ نہ اٹھے تو اس بار صلح سے قبل درج ذیل چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

۱۔ عمر صدیق صاحب اور ان کے ہمنوا، تمام علماء ومشائخ کرام سے نام بہ نام معافی مانگیں اور ان کے پاس یا مجلس میں اگرچہ مگرچہ کے بغیر علانیہ معذرت کریں۔

۲۔ حدیث نبوی "حسين مني وانا من حسين" کے من مانے اور محرف معنی سے رجوع کریں، کیونکہ جب تمام کبار علماء اسے تحریفِ معنوی قرار دے چکے ہیں تو اب اس میں اختلاف رائے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

ulamaweb.com UlamaWeb UlamaTube1 ulama_web info@ulamaweb.com +92 309 8280125

۳۔ مسلک اہل حدیث میں حسینی یزیدی تقسیم سے رجوع کریں، کیونکہ سب اہل علم اس کی مذمت پر متفق ہیں، اور یہ بھی اقرار کریں کہ کبھی کسی اہل حدیث کو ناصبی یزیدی وغیرہ کا طعنہ نہیں دیں گے۔

۴۔ آئندہ کے لیے واقعہ کربلا وغیرہ موضوعات پر تقریر سے اجتناب کا عہد کریں جس سے دوبارہ پھر فتنہ پیدا ہو سکتا ہو۔

۵۔ ان فیس بک آئی ڈیز: سفید شاھین، ابرار سلفی، ابو حسین، عمر السلفی، ابو الیسع عمر صدیق، مجتبی بٹ وغیرہ سے گالیوں کی روک تھام کریں۔ اور اگر اس قسم کی آئی ڈیز سے کسی عالم دین کو گالیاں دی گئیں تو معاہدہ کالعدم ہو گا۔

۶۔ جماعتی عہدیداروں میں سے جن لوگوں نے اس فتنے کی پشت پناہی کی ہے، وہ بھی اپنی غلطی کا اقرار کریں اور آئندہ اس قسم کی حرکات سے اجتناب کا تحریری وعدہ کریں۔

۷۔ جماعت کے نظامتِ تبلیغ پر فائز ایسے افراد کو معزول کیا جائے جنھوں نے 'حسینیت زندہ باد اور یزیدیت مردہ باد' جیسے نعرے لگوا کر ایسے افراد کی پشت پناہی کی اور ایک بدعت کو رواج دینا چاہا۔ اور ان کی جگہ نظامتِ تبلیغ اور ضابطہ اخلاق کمیٹی کا عہدہ ایسے شخص کے سپرد کیا جائے جو متنازع ہو اور نہ کسی فتنے میں ملوث ہو۔

۸۔ اگر یہ لوگ ان شرائط کی پابندی کا عہد نہیں کرتے اور ان پر عمل درآمد سے روگردانی کرتے ہیں تو جماعت کے تمام فورمز پر ان کا بائیکاٹ کیا جائے، جلسوں اور اسٹیجوں پر ان کے آنے کی ممانعت کی جائے۔

- قابل غور بات یہ ہے کہ عمر صدیق صاحب نے ایک ویڈیو بیان جاری کیا ہے جس میں انھوں نے سارے فساد کی ذمے داری علمائے اہل حدیث پر ڈال دی اور خود کو رد عمل کا عذر دے کر بری کر ڈالا، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ جامعہ سلفیہ کے مشائخ کرام اور لجنہ علماء کے مفتیان عظام سے لے کر شیخ غلام مصطفی

ulamaweb.com UlamaWeb UlamaTube1 ulama_web info@ulamaweb.com +92 309 8280125

امن پوری حفظہ اللہ تک کسی معزز عالم نے ان صاحب کو کبھی گالی گلوچ نہیں کیا، اور نہ یہ اس کا کوئی ثبوت پیش کر سکتے ہیں۔

- ان حالات میں تمام علماء ومشائخ کے نزدیک یہ بات حد درجہ تشویش ناک ہے کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث کے امیر محترم پروفیسر ساجد میر صاحب ایک ایسے شخص کے گھر چلے گئے جو گالی گلوچ اور بدزبانی میں شہرت یافتہ ہے، اور اس کی زبان درازی کا نشانہ سبھی اکابر علماء بن چکے ہیں۔ اس ملاقات کے موقع پر صرف اسی گروپ سے ملاقات کرنا اور تصویری سیشن سوشل میڈیا پر عام کرنا، لوگوں میں یہ تاثر پیدا کر رہا ہے کہ اس گروپ کو جماعتی قیادت کی پشت پناہی حاصل ہے، اور یہ لوگ بھی محترم ساجد میر صاحب کی اپنے گھر آمد کو اپنے اوپر امیر محترم کا دست شفقت کہہ رہے ہیں۔ ایسی صورت میں جماعتی قیادت کی طرف سے اس تاثر کی نفی ضروری ہے۔
- نیز ایسی انفرادی ملاقات سے اس شخص کو پھر قابل قبول بنانے اور سابقہ کسی غلطی پر سرزنش کیے بغیر ہمدردی جتانے سے پہلے یہ امر قابل غور ہے کہ کیا اس شخص نے عظمت صحابہ کا دفاع کرنے والے راسخ فی العلم علماء کو ناصبی یزیدی اور خبیث بلکہ کنجر، حرام زادہ کہنے پر بھی معافی مانگی ہے؟ اگر تو یہ ذاتی نوعیت کی لڑائی تھی تو معافی فوراً قبول کرنی چاہیئے، لیکن اگر یہ منہج کا مسئلہ تھا، تو مولویت اور سلفیت کے لبادہ میں چھپے ایسے بہروپیوں کے وعظ و تقریر پر مستقل تاحیات پابندی لگنی چاہیئے۔
- ملک بھر کے جید علمائے اہل حدیث عوام الناس کو یہ نصیحت کرتے ہیں کہ اگر اربابِ حل وعقد کی طرف سے اس بدزبان شخص کا محاسبہ نہ کیا گیا، تو اس کو کسی دینی جلسے اور اجتماع میں نہ بلایا جائے تاکہ یہ دوبارہ منبر و محراب کا تقدس پامال نہ کر سکے۔ اور اگر کہیں جلسے میں اس کو بلایا گیا تو ہم میں ہر شخص ایسے پروگرام کا بائیکاٹ کرنے کا اعلان کرتا ہے اور تمام علمائے اہل حدیث اس کی پابندی کریں گے ان شاء اللہ۔

ulamaweb.com UlamaWeb UlamaTube1 ulama_web info@ulamaweb.com +92 309 8280125

- یہاں ہم گوجرانوالہ کے عظیم ادارے جامعہ محمدیہ کے ارباب انتظام سے بھی مطالبہ کریں گے کہ وہ مسجد جامعہ محمدیہ کے منبر و محراب کا تحفظ کرتے ہوئے اسے ایک ایسے شخص کے حوالے نہ کریں جو مذکورہ بالا صفات کا حامل ہو، اگر یہ مذکورہ نکات کے مطابق معذرت اور رجوع نہ کرے، تو اسے وہاں سے فورا معزول کیا جائے۔ ۱۴۔۱۰۔۲۰۲۱ء وما علینا الا البلاغ المبین۔

اسمائے گرامی

علمائے کرام، مفتیانِ عظام، شیوخ الحدیث، قائدین، پروفیسرز واساتذہ اور سماجی شخصیات جن جن حضرات نے اس اعلامیے سے اتفاق کا اظہار کیا، ان کے نام یہاں درج کیے جارہے ہیں:

۱) فضیلۃ الشیخ مفتی جماعت حافظ عبد الستار حماد حفظہ اللہ

۲) فضیلۃ الشیخ محدث العصر مولانا ارشاد الحق اثری حفظہ اللہ

۳) فضیلۃ الشیخ أبو عمر عبد العزیز نورستاني، مدیر الجامعۃ الأثریۃ، و أمیر شوری علماء أھل الحدیث KPK

۴) شیخ القرآن والحدیث، علامہ أبو محمد أمین اللہ البشاوري، مفتي اعظم شوری علماء اھل الحدیث KOK

۵) شیخ الحدیث مولانا جاوید اقبال سیالکوٹی حفظہ اللہ

۶) ابو انشاء قاری خلیل الرحمٰن جاوید حفظہ اللہ

۷) فضیلۃ الشیخ سعید مجتبی سعیدی حفظہ اللہ

۸) فضیلۃ الشیخ ابو عدنان منیر قمر حفظہ اللہ

۹) شیخ الحدیث ڈاکٹر عبد الرحمن یوسف المدنی حفظہ اللہ

۱۰) فضیلۃ الشیخ عبد الرؤف بن عبد الحنان سندھو حفظہ اللہ

۱۱) شیخ القرآن والحدیث أبو عمر عبد المنان محمدي مدیر جامعہ محمدیہ یوسف آباد پشاور

ulamaweb.com UlamaWeb UlamaTube1 ulama_web info@ulamaweb.com +92 309 8280125

۱۲) شیخ القرآن والحدیث أبو صھیب محمد بن عبد الرحمن سلفي شیخ الحدیث جامعہ محمدیہ یوسف آباد پشاور و مفتي شوری علماء أھل الحدیث KPK

۱۳) مولانا سید توصیف الرحمن راشدی حفظہ اللہ

۱۴) مولانا سید طیب الرحمن زیدی حفظہ اللہ، سینیئر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث اسلام اباد

۱۵) علامہ ابتسام الٰہی ظہیر حفظہ اللہ

۱۶) شیخ الحدیث مولانا خاور رشید بٹ حفظہ اللہ

۱۷) علامہ ہشام الٰہی ظہیر حفظہ اللہ

۱۸) شیخ الحدیث مولانا غلام مصطفی ظہیر حفظہ اللہ

۱۹) مفتی عطاء الرحمن علوی حفظہ اللہ

۲۰) مولانا محمد یحیی عارفی حفظہ اللہ

۲۱) مولانا ڈاکٹر شہباز حسن حفظہ اللہ، یو ای ٹی لاہور

۲۲) ڈاکٹر مطیع اللہ باجوہ، چیئرمین اسوہ اسلامک سنٹر

۲۳) ڈاکٹر حفیظ الرحمن، پرنسپل جامعہ سلفیہ اسلام آباد

۲۴) فضیلۃ الشیخ محمد مظفر شیرازی سیالکوٹ

۲۵) مولانا ارشد بیگم کوٹی حفظہ اللہ

۲۶) مفتی مولانا عبد العزیز بٹ حفظہ اللہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد

۲۷) حافظ عثمان یوسف بن حافظ صلاح الدین یوسف

۲۸) ڈاکٹر حافظ مسعود عبد الرشید اظہر خانیوال

۲۹) ڈاکٹر شاہ فیض الابرار حفظہ اللہ

ulamaweb.com UlamaWeb UlamaTube1 ulama_web info@ulamaweb.com +92 309 8280125

۳۰) مولانا محمد رفیق طاہر حفظہ اللہ

۳۱) حافظ ابو یحیی نور پوری حفظہ اللہ

۳۲) مفتی عتیق الرحمن علوی حفظہ اللہ

۳۳) مولانا انور شاہ راشدی حفظہ اللہ

۳۴) ڈاکٹر مولانا ابراہیم سلفی حفظہ اللہ۔ لاہور

۳۵) ڈاکٹر حافظ حمزہ مدنی، مدیر جامعہ لاہور الاسلامیہ مرکز البیت العتیق، لاہور

۳۶) مولانا سمیع اللہ شاھد جامعہ امام بخاری سرگودھا

۳۷) قاری عبد الواجد بھیروی مدرس جامعہ امام بخاری سرگودھا

۳۸) مولانا حمید اللہ خان عزیز، ایڈیٹر 'تفہیم الاسلام' احمد پورہ شرقیہ

۳۹) حافظ محمد عاطف فیصل آباد

۴۰) محمد فہد ناظم مدرسہ دار القرآن والحدیث منڈی بہاؤالدین

۴۱) حافظ سعد طیب، لیکچرار گورنمنٹ گریجویٹ کالج فیصل آباد

۴۲) حافظ عبد الماجد سلفی بن حافظ محمد ابراہیم، مدیر مرکز القدس ٹاؤن شپ لاہور

۴۳) قاری محمد اکرم ربانی ایم اے جنرل سیکرٹری ختم نبوت فورم اہلحدیث

۴۴) مولانا امان اللہ عاصم رکن دار البیان شیخوپورہ

۴۵) مولانا عثمان البدیر مدیر مرکز العاقب اھل حدیث سانگلہ ہل

۴۶) مولانا ابو بکر ظفر، ناظم مدرسہ الفیصل اسلامیہ للبنات، فردوس مارکیٹ لاہور

۴۷) محمد عمران ممبر امن کمیٹی لاہور

۴۸) فضیلۃ الشیخ برق توحیدی حفظہ اللہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ

ulamaweb.com UlamaWeb UlamaTube1 ulama_web info@ulamaweb.com +92 309 8280125

۴۹) مولانا عطاء الرحمن طالب، لاہور

۵۰) قاری محمد احمد قمر بن حافظ محمد اسحاق

۵۱) حافظ رضوان ایوب عاجز، مدیر ام القری ایجوکیشنل کمپلیکس سیالکوٹ

۵۲) مولانا مقبول احمد۔ مدیر مرکز داود الاسلامی، فیصل آباد

۵۳) مفتی ضیاء الرحمن سعید، مدرس مرکز بلال الاسلامیہ

۵۴) عبید اللہ لطیف فیصل آباد خادم مجاہدین ختم نبوت

۵۵) حافظ خضر حیات، فاضل مدینہ یونیورسٹی

۵۶) ذبیح اللہ شاکر المدني، مدرس جامعہ بلال الاسلامیہ لاہور

۵۷) قاری شاہد عمران, خطیب جامع مسجد مانانوالا

۵۸) مولانا روح اللہ توحیدی، امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث خیبر پختونخواہ

۵۹) مفتی عبد اللطیف حفظہ اللہ شیخ الحدیث جامعہ محمدیہ بھاولپور

۶۰) شیخ الحدیث مولانا افضل اکرم جامعہ دار الرشاد پیر آف جھنڈا سندھ

۶۱) شیخ الحدیث مفتی عبد الرحمن شاھین ملتان

۶۲) مولانا حماد الحق نعیم (ہفت روزہ الاعتصام، لاہور)

۶۳) فضیلۃ الشیخ أبو الیمان عمر بن عبد العزیز النورستاني صوبائی صدر وفاق المدارس السلفیۃ KPK

۶۴) فضیلۃ الشیخ عبد الحمید رحمتي شیخ الحدیث دار القرآن والحدیث السلفیۃ. قاضي آباد پشاور وصوبائی نائب امیر مرکزي جمعیت اھلحدیث KPK

۶۵) فضیلۃ الشیخ حزب اللہ محبت، ناظم شوری علماء أھل الحدیث KPK و ضلعی امیر مرکزي جمعیت اھلحدیث پشاور

ulamaweb.com UlamaWeb UlamaTube1 ulama_web info@ulamaweb.com +92 309 8280125

٦٦) مولانا أبو حماد الرحمتي، ناظم دار القرآن والحديث السلفية. قاضي آباد پشاور

٦٧) حافظ نورالاسلام خطیب جامع مسجد عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ ضلع راجن پور

٦٨) مولانا مہتاب اصغر فاضل مدینہ یونیورسٹی، مدرس جامعہ تعلیم القرآن والحدیث جھنگ

٦٩) رانا عبدالعلیم خاں، چیف آرگنائزر تحریک اہلحدیث یوتھ ونگ پاکستان

٧٠) فضیلۃ الشیخ حافظ عبداللہ مدنی فاضل مدینہ یونیورسٹی، مدرس جامعہ سلفیہ فیصل آباد

٧١) حافظ محمد شاھد شیخ الحدیث کلیۃ عائشہ صدیقۃ للبنات جھبران

٧٢) سید محمد زیدی بن سید طیب الرحمن زیدی، ونائب صدر جامعہ عیسی بن ربیع اسلام آباد

٧٣) مولانا عبدالمجید بلتستانی فاضل مدینہ یونیورسٹی و مدرس المدینہ اسلامک سنٹر کراچی

٧٤) مولانا ابو بکر قدوسی، مکتبہ قدوسیہ لاہور

٧٥) مولانا عمر فاروق قدوسی، مکتبہ قدوسیہ لاہور

٧٦) حافظ عبدالرحمن محمدی، فاضل مدینہ یونیورسٹی

والحمدلله الذي بنعمته تتم الصالحات

ulamaweb.com UlamaWeb UlamaTube1 ulama_web info@ulamaweb.com +92 309 8280125